لاہور ہائیکورٹ ملتان بینچ ملتان

نیلام ٹھیکہ جات برائے سائیکل اسٹینڈ احاطہ ہائی کورٹ ملتان بینچ ملتان

تاریخ نیلام 25.06.2016 بروز ہفتہ بوقت 11:00 بجے صبح بمقام ہائیکورٹ ملتان

شرائط نیلام

(1) ہر بولی دہندہ کو بولی شروع ہونے سے قبل خزانچی ہائیکورٹ ملتان بینچ ملتان کے پاس مبلغ -/13000 روپے زرضمانت جمع کروا کر رسید حاصل کرنا ہوگی۔ یہ رقم بولی کے خاتمہ پر ناکام بولی دہندگان کو قابل واپسی ہوگی۔

(2) نیلامی سب سے زیادہ بولی پر ختم ہوگی اور کامیاب بولی دہندہ کو بولی کی رقم کا ایک تہائی موقع پر جمع کروانا ہوگا۔

(3) بقیہ رقم نیلامی اور Advance Income Tax تین یوم کے اندر خزانچی کے پاس جمع کروا کر رسید جناب اسسٹنٹ رجسٹرار (بلڈنگز) کو دینا ہوگی۔ رقم جمع نہ کروانے کی صورت میں زرضمانت اور پیشگی بحق سرکار ضبط کر لی جائے گی اور نیلامی منسوخ تصور ہوگی۔

(4) دوسرے نمبر پر بولی دینے والے کی زرضمانت ایک ہفتہ بعد واپس ہوگی کیونکہ پہلے نمبر پر بولی دینے والا اگر رقم جمع نہ کرائے گا تو دوسرے نمبر پر بولی دینے والے کو موقع دیا جائے گا۔

(5) افسر مجاز کو اختیار ہوگا کہ وہ کوئی وجہ بتائے بغیر نیلامی منسوخ کر سکے گا۔

(6) مدت ٹھیکہ یکم جولائی 2016ء تا 30 جون 2017ء ہوگی۔

شرائط کاروبار

(1) ٹھیکیدار سائیکل اسٹینڈ دس روپے فی موٹر سائیکل اور پانچ روپے فی سائیکل وصول کرے گا۔

(2) ٹھیکیدار سائیکل اسٹینڈ آفس کے اہلکاران سے 40 روپے موٹر سائیکل اور 20 روپے سائیکل ماہانہ وصول کرے گا۔

(3) ٹھیکیدار سائیکل اسٹینڈ اور اس کے ملازم کو احاطہ ہائیکورٹ میں قیام کی اجازت نہ ہوگی۔

(4) سائیکل اسٹینڈ کا وقت صبح 8:00 بجے سے شام 5:00 بجے تک ہوگا۔

(5) اگر ٹھیکیدار گاہکوں سے بدسلوکی کرے گا یا مذکورہ بالا شرائط کی کلی یا جزوی خلاف ورزی کرے گا یا جگہ کی حدود سے تجاوز کرے گا تو جناب ایڈیشنل رجسٹرار صاحب عدالت عالیہ کو اختیار ہوگا کہ وہ ٹھیکیدار کا زر نیلام ضبط کر کے ٹھیکہ منسوخ کر دیں۔

Iftikhar Ahmad Samdani

(افتخار احمد صمدانی)

ایڈیشنل رجسٹرار

لاہور ہائیکورٹ ملتان بینچ ملتان